H

National
Qualifications
2022

# X870/76/11

# Urdu Reading

WEDNESDAY, 1 JUNE

9:00 AM – 11:00 AM

**Total marks — 30**

Attempt ALL questions.

Write your answers clearly, in **English**, in the Reading answer booklet provided. In the answer booklet you must clearly identify the question number you are attempting.

You may use an Urdu dictionary.

Use **blue** or **black** ink.

There is a separate question and answer booklet for Directed Writing. You must complete your answer for Directed Writing in the question and answer booklet for Directed Writing.

Before leaving the examination room you must give your Reading answer booklet and your Directed Writing question and answer booklet to the Invigilator; if you do not, you may lose all the marks for this paper.

SQA ©

*X8707611*

**Total marks — 30**

**Attempt ALL questions**

Read the whole article carefully and then answer, in **English**, ALL the questions that follow.

The article discusses school experiences.

# سارہ کا سکول کا تجربہ

پرائمری سکول کے چھ سال گزرنے کا پتہ ہی نہیں چلا کہ ساتویں سال میں ہائی سکول کے انتخاب کا وقت آ گیا۔ میرے والدین نے میرے داخلے کی درخواست بہت دیر سے بھیجی جس کی وجہ سے مجھے اپنے رہائشی علاقے کے سکول میں داخلہ نہیں مل سکا۔ اس لئے انہیں میرے لئے ایک اور سکول تلاش کرنا پڑا۔ وہ ایسا سکول دیکھ رہے تھے جہاں غیر نصابی سرگرمیاں کافی ہوں اور اُن کے کام کی جگہ سے نزدیک بھی ہو تاکہ مجھے سکول چھوڑنے اور لے جانے میں بھی آسانی ہو۔ اس لئے اُنہوں نے سکولوں کے بارے میں اپنے اُن دوستوں سے مشورہ کیا جن کے بچّے ہائی سکول میں پڑھتے تھے۔ آخرکار اُنھیں مرضی کے مطابق سکول مل گیا۔ وہاں جا کر اُنھوں نے اساتذہ سے ملاقات کی اور میرے لئے سکول میں جگہ حاصل کرنے کی درخواست بھی دے دی۔ مگر اُنہیں مکمل یقین نہیں تھا کہ مجھے وہاں داخلہ مل جائے گا۔ اس لئے انہوں نے یہ کیا کہ اپنا موجودہ گھر بیچ کر سکول کے قریبی علاقے میں گھر خرید لیا۔ میں ہائی سکول میں خوش تھی۔ ویسے تو سکول کے سب اُستاد پڑھانے کے جدید طریقے استعمال کرتے تھے

لیکن حساب کے ایک اُستاد کا پڑھانے کا طریقہ سب سے مختلف تھا۔ اُن کے کمرے میں ہمیں کوئی کتاب نظر نہ آتی، جب بھی نیا موضوع شُروع ہوتا وہ ہمیں سمارٹ بورڈ پر مختلف مثالیں دے کر سبق کو سمجھاتے تھے، اور حساب کی مشق کروانے کے لئے ہر مہینے دلچسپ حسابی مقابلے کرواتے تھے۔ سب بچوں کو یہ بہت پسند تھے۔ وہ ہمیں ایسی تجاویز بھی دیتے تھے تاکہ ہم حساب کی عام غلطیوں سے بچ سکیں۔

میں سکول میں طلبہ کی کونسل کی نمائندہ رہی اس سے مجھے اُن کے مسائل اساتذہ تک پہنچانے کا موقع مِلا۔ لیکن جب کبھی کچھ طالب علم کسی بات پر ناخوش ہوتے تو اِس بات کو بہانہ بنا کر غیر ضروری شکایات لے کر آجاتے تو میں پریشان ہو جاتی۔

پڑھائی کے ساتھ میں نے "ڈیوک آف ایڈنبرا ایوارڈ" کی مہم میں بھی حِصّہ لیا۔ سکول سے باہر آزاد ماحول میں اِن سرگرمیوں سے مجھ میں خود اعتمادی بڑھی، دوسرں کی مدد کرنے کا جذبہ پیدا ہوا، مختلف مزاج لوگوں کے ساتھ گروپ میں کام کر کے برداشت کی اہلیت میں بھی اضافہ ہوا۔ مجھے سب سے زیادہ لطف اُس وقت آیا جب ہم ایک ہفتہ کے رہائشی دورے پر گئے۔ ہم نے خود اپنے خیمے لگائے، زمین پر بستر لگا کر سوئے، لکڑیوں سے آگ جلا کر کھانا بنایا اور سب نے مل کر زمین پر بیٹھ کر کھایا۔

پانچویں سال میں مجھے پاکستان کے شہر ملتان کے ایک سکول کے ساتھ تبادلہ پروگرام میں حصّہ لینے کا موقع ملا۔ میں نے محسوس کیا کہ وہاں کی طالبات تعلیم میں ایک دوسرے کے ساتھ مقابلے کی کوشش کرتی ہیں اور والدین بھی اپنے بچّوں کی تعلیم

میں دلچسپی لیتے ہیں۔

میں سب طلبہ کو مشورہ دوں گی کہ ناکامی سے خوفزدہ نہ ہوں اور وقت بہت قیمتی دولت ہے اسے ضائع نہ کریں۔

ہماری اُردو کی اُستاد نے ہماری پڑھنے، سُننے، بولنے اور لکھنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لئے ہمیں پڑھائی کے چند طریقے بتائے۔

ذخیرہ الفاظ کے لئے ایک الگ کاپی بنائیں اور اُسے عنوان کے مطابق ترتیب دیں تاکہ ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔ شام کو پندرہ منٹ نئے سیکھے ہوئے الفاظ کی دہرائی پُرانے طریقے سے کریں، یعنی پہلے الفاظ کو کئی بار پڑھیں پھر اُن کو بغیر دیکھے دہرائیں، پھر اُن الفاظ کو لکھ لیں۔ جو زبان بھی آپ سیکھ رہے ہیں اُسے بولنے کی مشق ضرور کریں۔

یاد رکھیں دُنیا کے جس ملک میں بھی آپ جائیں اور اُن کی قومی زبان میں بات کریں تو غلطیوں کے باوجود بھی آپ کی کوشش کی تعریف کی جائے گی۔ پڑھنے اور سُننے کی صلاحیت کو بہتر کرنے کے لئے اُس زبان کی فلمیں اور ڈرامے دیکھیں، خبریں سُنیں، ٹیلی ویژن کی سکرین پر لکھی ہوئی خبریں پڑھنے کی کوشش کریں، اخبار اور رسالے پڑھیں۔

MARKS

**Questions**

Re-read lines 1–5.

**1.** Sara did not go to her local school. Why was this? State any **one** thing. **1**

Re-read lines 4–8.

**2.** Her parents looked at schools outside their catchment area.

(a) What features did they look for? State **two** things. **2**

(b) How did they find out about other schools? **1**

Re-read lines 8–11.

**3.** Sara's parents eventually found a suitable school. What did they do next? **1**

Re-read lines 12–18.

**4.** Sara enjoyed attending the new school. What did she say about her Maths class? Give any **three** details. **3**

Re-read lines 19–21.

**5.** Sara was a member of the pupil council. Why did she get frustrated sometimes? **1**

Re-read lines 22–27.

**6.** Sara took part in the Duke of Edinburgh award scheme.

(a) What did she learn from this experience? State any **two** things. **2**

(b) What did they do at the camping trip? State any **three** things. **3**

Re-read lines 28–31.

**7.** Sara was grateful for the opportunities the school gave her.

(a) What did she get to do in fifth year? State any **one** thing. **1**

(b) What did she observe? State any **two** things. **2**



**[Turn over**

MARKS

**Questions (continued)**

Re-read lines 32–33.

**8.** What advice does she give to other students? State any **one** thing. **1**

Now consider the article as a whole.

**9.** Does Sara feel her parents made the right decision about the school she attended? Give details from the text to justify your answer. **2**

**10.** Translate into English. (lines 35–43)

ذخیرہ الفاظ کے لئے ۔۔۔۔۔۔ اخبار اور رسالے پڑھیں۔ **10**

**[END OF QUESTION PAPER]**

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE